# تحفّظ

مئی، 2016ء

اسٹیٹ لائف انشورنس کارپوریشن کا جریدہ (صرف کارکنان کے لیے)





- پرائم منسٹر نیشنل ہیلتھ پروگرام کی تقریبات میں وزیر اعظم پاکستان کی شرکت
- صحت سہولت پروگرام برائے خیبر پختونخواہ کے تحت چار اضلاع میں تقاریب
- کراچی سدرن زون میں گرینڈ ایجنسی میٹنگ




فرمانِ الٰہی

نیکی یہ نہیں ہے کہ تم نے اپنے چہرے مشرق کی طرف کر لیے یا مغرب کی طرف، بلکہ نیکی یہ ہے کہ آدمی اللہ کو اور یوم آخر اور ملائکہ کو اور اللہ کی نازل کی ہوئی کتاب اور اس کے پیغمبروں کو دل سے مانے اور اللہ کی محبت میں اپنا دل پسند مال رشتے داروں اور یتیموں پر، مسکینوں پر، مدد کے لیے ہاتھ پھیلانے والوں پر اور غلاموں کی رہائی پر خرچ کرے، نماز قائم کرے اور زکوۃ دے، اور نیک وہ لوگ ہیں کہ جب عہد کریں تو اسے وفا کریں، اور تنگی اور مصیبت کے وقت میں اور حق و باطل کی جنگ میں صبر کریں۔ یہ ہیں راست باز لوگ اور یہی لوگ متقی ہیں۔ (سورۃ البقرہ)



فرمانِ رسول ﷺ


اوس بن شرجیل رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے سنا: ''جو شخص کسی ظالم کا ساتھ دے کر اسے قوت پہنچائے گا، درآں حالیکہ وہ جانتا ہے کہ ظالم ہے، تو وہ اسلامیت سے خارج ہو گیا۔ (مشکوٰۃ)



قائداعظمؒ نے فرمایا

ہمارے دشمنوں کی خواہشوں اور ہتھکنڈوں کا بہترین جواب یہ ہے کہ ہم پاکستان کی تعمیر کے لیے عزم صمیم کر لیں۔ ایک ایسی اچھی اور عظیم مملکت جو ہماری آنے والی نسلوں کے رہنے کے قابل ہو۔ اس شاندار نصب العین کا تقاضا ہے کام، کام اور کام۔

(افواج پاکستان سے خطاب-11 اکتوبر 1947ء)



فرمودۂ اقبالؒ

اس کی تقدیر میں محکومی و مظلومی ہے
قوم جو کر نہ سکے اپنی خودی سے انصاف
فطرت افراد سے اغماض بھی کر لیتی ہے
کبھی کرتی نہیں ملت کے گناہوں کو معاف
(ضربِ کلیم)

خیال و افکار

# بیمہ۔ زندگی کی ضرورت

دنیا میں آج بھی بہت سے لوگ ایسے ہیں جو کہتے ہیں ''ہمیں کبھی بیمۂ زندگی کی کوئی ضرورت محسوس نہیں ہوتی'' شاید وہ ان مضمرات پر نہیں سوچتے جو ہر اس شخص کے لیے بے حد اہم ہیں جو کسی خاندان کا کفیل ہوتا ہے۔ اگر وہ مستقبل کی معاشی ضروریات پر سنجیدگی سے غور کریں تو یہ اندازہ کرنا ان کے لیے مشکل نہ ہوگا کہ بیمۂ زندگی ہمیشہ سے انسان کی ضرورت ہے اور رہے گی۔

دراصل بیمۂ زندگی کی ضرورت ان تمام لوگوں کو ہے جو...... اپنے بیوی بچوں سے محبت کرتے ہیں اور انہیں زندگی کی تمام آسائشیں مہیا کرنا چاہتے ہیں۔

وہ...... جو سوچتے ہیں کہ گھر کے کفیل کی موت پر اُس کا خاندان شدید مالی مشکلات کا شکار ہو سکتا ہے۔

وہ...... جو ہنگامی ضروریات کے لیے نقد رقم کی بروقت ضمانت چاہتے ہیں۔

وہ...... جو سمجھتے ہیں کہ بچوں کی تعلیم ان کی ذمہ داری ہے۔ جو سوچتے ہیں کہ اُن کو بڑھاپے میں مستقل آمدنی کی ضمانت ملنی چاہیے۔

سچ تو یہ ہے کہ ہر سمجھدار اور دور اندیش شخص کا اندازِ فکر یہی ہوتا ہے اور جیسے ہی ممکن ہوتا ہے، چھوٹی چھوٹی بچتوں سے بیمۂ زندگی کی پالیسی ضرور حاصل کر لیتا ہے۔

اسی لیے وہ بیمۂ زندگی کو ایک لازمی ضرورت سمجھتا ہے۔

یاد رکھیے! آج کے دور میں مستقبل کی ممکنہ معاشی دشواریوں کا صرف ایک ہی حل ہے...... بیمۂ زندگی۔ اسٹیٹ لائف کے بیمہ کاروں کا اولین فرض یہی ہے کہ وہ لوگوں کو مستقبل کی معاشی فکر کا ادراک کرائیں۔



ایڈیٹر

ccd.statelife.@yahoo.com


مدیر: سید غلام شبیر شاہ
(ڈپارٹمنٹل ہیڈ/اے جی ایم)

ترسیل: ناصر جاوید

رابطہ: ایڈیٹر تحفظ، کارپوریٹ کمیونیکیشنز ڈپارٹمنٹ،
پرنسپل آفس، اسٹیٹ لائف بلڈنگ نمبر 9،
ڈاکٹر ضیاالدین احمد روڈ، پوسٹ بکس نمبر 5725،
کراچی-75530
ٹیلی فون نمبر: (021)99202819

لے آؤٹ ڈیزائن: اسپیکٹرم کمیونی کیشنز (پرائیویٹ) لمیٹڈ

تحفظ کا شمارہ اسٹیٹ لائف کی ویب سائٹ www.statelife.com.pk پر بھی ملاحظہ کیا جاسکتا ہے۔

# پرائم منسٹر نیشنل ہیلتھ پروگرام کے تحت تقریبات وزیراعظم پاکستان اور دیگر وزراء کی شرکت

خوراک، رہائش، تعلیم اور روزگار جیسی بنیادی ضروریات کسی بھی معاشرے کی فلاح و بہبود میں اہم کردار ادا کرتی ہیں، تاہم ان کے ساتھ صحت کی سہولیات صحت مند قوم کو جنم دیتی ہیں اور اس کی بدولت آنے والی نسلیں ایک روشن مستقبل کی جانب پروان چڑھتی ہیں۔ بڑھتی ہوئی آبادی اور ماحولیاتی آلودگی کے باعث کئی مہلک امراض نے جنم لیا ہے جس کے باعث ایک بڑی تعداد میں افراد متاثر ہوئے ہیں۔ بڑھتی ہوئی ان بیماریوں کے علاج معالجہ کے اخراجات اُٹھانا غریب آدمی کے بس میں نہیں رہا۔ غریب طبقات کی ان مشکلات کو پیش نظر رکھتے ہوئے موجودہ عوامی حکومت نے پرائم منسٹر نیشنل ہیلتھ پروگرام کا آغاز کیا ہے جس میں رجسٹرڈ خاندانوں کو حکومت کی جانب سے صحت کی سہولیات بہم پہنچائی جارہی ہیں۔ اس پروگرام کے تحت پاکستان صحت کارڈ فراہم کیا جارہا ہے تاکہ منتخب سرکاری و نجی ہسپتالوں میں داخلے کے وقت کام آسکے گا۔

اس ضمن میں ملک کے مختلف شہروں میں تقاریب کے ذریعے اس کارڈ کی تقسیم جاری ہے، اس سلسلے میں اسلام آباد، آزاد جموں و کشمیر میں تقاریب ہوئیں جن میں وزیراعظم پاکستان میاں محمد نواز شریف، مریم نواز، وفاقی وزیر خزانہ اسحاق ڈار، سارہ افضل تارڑ، وفاقی وزیر تجارت جناب خرم دستگیر، وفاقی سیکریٹریز، چیئرپرسن اسٹیٹ لائف انشورنس کارپوریشن اور ان کی ٹیم، ڈائریکٹر پروگرام، سیکریٹری ہیلتھ، ڈپٹی سیکریٹری ہیلتھ، ممبر نیشنل اسمبلی، لوکل گورنمنٹ کے نمائندوں اور عمائدین شہر نے شرکت کی۔

اسلام آباد میں اپنی تقریر کے دوران وزیراعظم پاکستان میاں محمد نواز شریف نے کہا ہے کہ پاکستان میں غریب عوام کی فلاح و بہبود کے لیے اس اسکیم کا اجراء کیا گیا ہے، لہٰذا اس سے بھرپور فائدہ اُٹھایا جائے، اس پروگرام کے تحت آئندہ چند ماہ میں پاکستان کے مختلف اضلاع میں اس کا دائرہ کار وسیع کیا جائے گا اور اسٹیٹ لائف انشورنس کارپوریشن اس معاملے میں ہماری بھرپور معاونت کرے گی۔ انہوں نے محترمہ نرگس گھلو اور دیگر اعلیٰ افسران کو خراج تحسین پیش کیا جن کی کاوشوں سے یہ منصوبہ زیر تکمیل ہے۔ انہوں نے کہا کہ الفاظ اور تقاریر کسی ادارے کی کامیابی کا ثبوت نہیں ہوتے۔ کامیابی، جفاکشی اور محنت سے حاصل ہوتی ہے۔

یہ پروگرام یکم جنوری 2016 سے جاری ہے اور اس کارڈ کی تقسیم مقامی NGOs سے کرائی جارہی ہے۔

علاوہ ازیں اس پروگرام کے تحت ثانوی علاج کے لیے ہر رجسٹرڈ خاندان کو ہسپتال میں داخلے کی صورت میں سالانہ 50,000 روپے تک کی رقم کا تحفظ فراہم کیا گیا ہے جبکہ ترجیحی علاج کے تحت ہر رجسٹرڈ خاندان کو ہسپتال میں داخلے کی صورت میں سالانہ 2,50,000 روپے تک کی رقم کا تحفظ فراہم کیا گیا ہے۔ ترجیحی علاج میں ذیابیطس کی پیچیدگیاں، حادثاتی چوٹیں (زندگی بچانے کے علاوہ ہڈیوں کی ٹوٹ پھوٹ)، اعضاء (دل، جگر، گردے، پھیپھڑے) کے ناکارہ ہونے کی صورت میں علاج، سرطان کے امراض، آخری درجے پر گردوں کی بیماریاں، دائمی بیماری کی پیچیدگیاں جیسا کہ یرقان (ہیپاٹائٹس بی اور سی) اور ایچ آئی وی وغیرہ شامل ہیں۔

ہسپتال میں داخلے کے دوران مریض کو کسی بھی قسم کے اخراجات کی ادائیگی نہیں کرنی پڑتی اور یہ سہولت صرف ہسپتال میں داخلے کی صورت میں ہی میسر ہوگی۔ ہسپتال میں داخلے کی صورت میں آمدورفت کے حوالے سے مریض کو 350 روپے ادا کیے جائیں گے۔ اس ضمن میں مزید معلومات کے لیے ہیلپ لائن 0800-09009 سے یا اسٹیٹ لائف بلڈنگ نمبر 9، بلند مرکز، ہیلتھ پروجیکٹ آفس، دوسری منزل اسلام آباد سے رجوع کیا جاسکتا ہے۔

(تحفظ رپورٹ)

# راولپنڈی زون کی تاریخ کا سب سے بڑا ڈیتھ کلیم چیک




راولپنڈی زون کے سینئر ایریا منیجر چوہدری ضیاالحسن، بیمہ دار مرحوم ملک جاوید اختر کا ڈیتھ کلیم چیک مبلغ 102,51,400 (ایک کروڑ دو لاکھ اکیاون ہزار چار سو) روپے ان کی بیوہ محترمہ زاہدہ پروین کو دے رہے ہیں۔

# صحت سہولت پروگرام برائے خیبر پختونخواہ۔ وزیراعلیٰ خیبر پختونخواہ، چیئرپرسن اسٹیٹ لائف، جرمن قونصلیٹ جنرل اور صوبائی وزراء کی شرکت

صحت سہولت پروگرام کے سلسلے میں خیبر پختونخواہ کے چار اضلاع، مردان، مالاکنڈ، چترال اور کوہاٹ میں تقاریب منعقد ہوئیں جن میں وزیراعلیٰ خیبر پختونخواہ جناب پرویز خٹک، جرمن قونصلیٹ جنرل، صوبائی سیکریٹریز، صوبائی ہیلتھ منسٹر، صوبائی وزراء، چیئرپرسن اسٹیٹ لائف محترمہ نرگس گھلو، جناب ندیم بیسی، جی ایم ہیلتھ انشورنس زون، قومی وصوبائی اسمبلی کے ممبران، لوکل گورنمنٹ کے نمائندوں اور عمائدین شہر نے بھی شرکت کی۔



محترمہ نرگس گھلو کا شرکاء سے خطاب۔



وزیراعلیٰ خیبر پختونخواہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے۔

اس موقع پر وزیراعلیٰ خیبر پختونخواہ نے اپنی تقریر میں کہا کہ یہ پروگرام غریب لوگوں کی فلاح و بہبود کیلئے شروع کیا جارہا ہے لہٰذا اس سے بھرپور فائدہ اُٹھایا جائے۔ واضح رہے کہ یہ پانچ سالہ منصوبہ جرمن گورنمنٹ کے تعاون سے شروع کیا جارہا ہے جس سے آنے والی حکومتیں بھی بھرپور استفادہ کرسکیں گی۔



چیئرپرسن نرگس گھلو، جناب ندیم بیسی کا تقریب کے اختتام پر اسٹیٹ لائف کی ٹیم کے ساتھ گروپ فوٹو۔

اس پروگرام کے تحت ایک خاندان کے ہر فرد کو ہسپتال میں داخلے کی صورت میں 25,000 روپے تک علاج کی سہولت میسر کی گئی ہے اور اس میں تمام بیماریوں کا علاج کیا جائے گا۔ زچگی کی صورت میں 1000 روپے آمدورفت کیلئے اضافی ادا کیے جائیں گے۔ یہ پروگرام مقامی NGOs کی مدد سے شروع کیا گیا ہے اور یہ یکم فروری، 2016ء سے نافذ العمل کیا گیا ہے۔ اس ضمن میں مزید معلومات کیلئے ہیلپ لائن 0800-89898 سے یا ہیلتھ انشورنس زون اسٹیٹ لائف، اسٹیٹ لائف بلڈنگ، 34-دی مال، پشاور کینٹ سے رجوع کیا جاسکتا ہے۔

**(تحفظ رپورٹ)**




صحت سہولت پروگرام کی تقریب میں جناب پرویز خٹک وزیراعلیٰ خیبر پختونخواہ، محترمہ نرگس گھلو چیئرپرسن اسٹیٹ لائف اور جرمن قونصلیٹ جنرل اسٹیج پر نمایاں ہیں۔

# کراچی سدرن زون میں گرینڈ ایجنسی میٹنگ وتقریبِ تقسیمِ انعامات کا انعقاد

گزشتہ دنوں کراچی سدرن زون کی جانب سے فیلڈ فورس، مارکیٹنگ منیجرز و ایریا منیجرز کے لیے سال بھر کے انعامات و اعزازات کی تقسیم کا انعقاد ہوا، جس میں سیلز نمائندگان، افسران، منیجرز، ایریا منیجرز و اسٹاف نے بھرپور شرکت کی۔



ریجنل چیف سدرن جناب محمد اقبال گل قرعہ اندازی کے لیے پرچی نکال رہے ہیں۔ اس موقع پر دیگر افسران بھی موجود ہیں۔

میٹنگ کا آغاز تلاوت کلام پاک سے ہوا۔ سیکٹر ہیڈ منصور احمد اور سیلز منیجر مہرین اقبال نے نظامت کے فرائض ادا کیے۔ اس موقع پر زونل ہیڈ محمد سعید خان نے تمام شرکاء کو خوش آمدید کہا اور بہتر کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والوں کو مبارکباد پیش کی۔ انہوں نے سال 2015ء میں ERP سسٹم کی وجہ سے معاملات میں درپیش مسائل کو بیان کرتے ہوئے آفیسرز کے اعصاب شکن حالات کا خصوصاً ذکر کیا۔ اس ضمن میں انہوں نے ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ اور آئی ٹی وینڈر سے ملاقاتیں کیں جس کی وجہ سے بیشتر مشکلات کو دور کر کے نظام کو چلانا ممکن ہوا۔ اس سے زون کے کاروبار میں دن دو گنی رات چوگنی بنیاد پر اضافہ نظر آیا۔

صدر فیلڈ ورکرز ایسوسی ایشن راجہ مظفر حسین نے اپنے خطاب میں زونل ہیڈ محمد سعید خان، اے جی ایم محمد شاہد و سیکٹر ہیڈز کی کوششوں سے کامیاب میٹنگ پر مبارکباد پیش کی۔ انہوں نے ERP سسٹم کی وجہ سے فیلڈ ورکرز اور پالیسی ہولڈرز کے کیش کاؤنٹر اور دیگر مسائل کا ذکر کرتے ہوئے اعتراف کیا کہ اس کے باوجود انتظامیہ نے ہماری فیلڈ فورس کو سازگار ماحول دیا اور پالیسی ہولڈرز کے لیے آسانیاں پیدا کی گئیں۔

صدر ایریا منیجر ایسوسی ایشن شاہد علی نے اپنی گفتگو کا آغاز ''دیر آید، درست آید'' سے کیا کہ یہ بہت اچھی میٹنگ ہے۔ ہمارا زون ایک ''مدر زون'' ہے۔ ہمارے لوگ زخمی حالت میں ہیں جو ERP سسٹم سے پورا سال متاثر رہے۔

بعدازاں تقسیم انعامات کا سلسلہ شروع ہوا اور تمام کوالیفائرز کو وزکپ، ٹرافیاں اور نقد انعامات تقسیم کیے گئے۔ بذریعہ قرعہ اندازی موٹر سائیکلیں حاصل کرنے والے خوش نصیبوں میں سیلز نمائندہ بشیر بی خان، سیلز آفیسر سید انیس الحسن، سیلز آفیسر ایس ایم جنید، سیلز آفیسر محمد تقی، سیلز نمائندہ محمود حسین، سیلز آفیسر انور علی شاہ، سیلز آفیسر ثانیہ اقبال، سیلز آفیسر سلیم نایاب، سیلز نمائندہ مدیحہ، سیلز آفیسر رضیہ نسرین شامل ہیں۔

ریجنل چیف محمد اقبال گل نے اپنے مخصوص انداز میں حاضرین کو مخاطب کیا اور کہا کہ ہم لوگ اپنے ذہنوں کو تبدیلی کے لیے تیار نہیں کرتے۔ ہمارے سابق چیئرمین اسی زون میں تشریف رکھتے تھے اس لیے ERP سسٹم بھی اسی زون سے شروع کیا گیا۔ میں آپ کی مشکلات کو سمجھتا ہوں۔ آپ اس سلسلے میں فکر نہ کریں۔ آپ کو دوسرے زونوں کی طرح پورا وقت ملے گا۔ ہمارا مقابلہ دوسری کمپنیوں سے ہے۔ اپنے اندر نیا ولولہ پیدا کریں۔ آیئے نیو بزنس، سیکنڈ ایئرز اور رینیول میں محنت کرتے ہوئے نئی تاریخ رقم کریں۔ یاد رکھیں...... ''وقت کو ٹھوکر مارنے والے- وقت کی ٹھوکریں کھاتے ہیں''۔



زونل ہیڈ کراچی سدرن زون محمد سعید خان کا خطاب

اس موقع پر ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ نے اپنے خطاب میں کہا کہ اب کارپوریشن کا لائف فنڈ 475 ارب روپے تک پہنچ گیا ہے، کارپوریشن نے 40 ارب 28 کروڑ روپے کا بونس بھی ڈیکلیئر کیا ہے۔ 30 ارب



صدر فیلڈ ورکرز ایسوسی ایشن کراچی سدرن زون راجہ مظفر حسین حاضرین سے محوِ کلام ہیں

روپے کے کلیمز ادا کیے گئے۔ سرمایہ کاری سے 50 ارب روپے کی آمدنی حاصل ہوئی۔ 52 لاکھ پالیسی ہولڈرز ہیں۔ ہمارے پاس بہت زیادہ مواقع ہیں۔ انہوں نے ''فیلڈ ورکرز ویلفیئر ٹرسٹ'' قائم کرنے پر ''فیلڈ ورکرز فیڈریشن'' کو سلام پیش کیا۔ بعدازاں ریٹائرڈ زونل ہیڈ قاضی جاوید نے شرکاء تقریب کا شکریہ ادا کیا اور انعامات تقسیم کیے۔ آخر میں AGM محمد شاہد نے شرکاء کا شکریہ ادا کیا اور عشائیے کے لیے دعوت دی۔

(رپورٹ: اسلم پرویز سینئر سیلز منیجر، کراچی سدرن زون)

# چیئر پرسن محترمہ نرگس گھلو اور ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ کا دورۂ فیصل آباد۔ ریجن کی کارکردگی کا جائزہ۔

گزشتہ دنوں محترمہ نرگس گھلو چیئر پرسن اور ڈویژن ہیڈ مارکیٹنگ نے فیصل آباد ریجن کا دورہ کیا۔

دونوں شخصیات کا استقبال ریجن کے قائد چوہدری محمد اعجاز نے اپنے رفقاء بالخصوص زونل سربراہ فیصل آباد جناب محمد اکبر مغل، زونل سربراہ سرگودھا زون چوہدری محمد ارشد، زونل سربراہ جھنگ زون جناب مقبول احمد رانجھا اور تمام ریجن کے سیکٹر ہیڈز کے ساتھ انتہائی والہانہ اور دل پذیر انداز میں خوب صورت گلدستے پیش کر کے کیا۔

اس موقع پر چیئر پرسن محترمہ نرگس گھلو نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ سیلز



فیصل آباد کے تمام سیکٹر ہیڈز کی تقریب میں چیئر پرسن محترمہ نرگس گھلو، زونل سربراہ (فیصل آباد زون)، ریجنل چیف (فیصل آباد ریجن)، چوہدری محمد اعجاز اور زونل سربراہ (سرگودھا زون) چوہدری محمد ارشد۔

اس موقع پر چیئر پرسن محترمہ نرگس گھلو نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ سیلز
نمائندگان کا نیٹ ورک مستقبل میں مشکلات سے بچنے کے لیے بڑھایا جائے۔ انہوں نے پریمیئم کی خوردبُرد کی شکایات پر ''زیرو ٹالرنس'' دکھانے کا عندیہ دیا۔ انہوں نے اپنی تقریر میں زور دیا کہ ''زیادہ تعلیمی قابلیت'' رکھنے والے سیلز نمائندگان کی بھرتی کی جائے تاکہ مستقبل قریب میں دیگر قانونی چارہ جوئیوں سے بچا جا سکے۔

انہوں نے کہا کہ ہم نے ایک ایسی فرم کی خدمات حاصل کی ہیں جو ہمارے موجودہ اسٹرکچر میں کمی کو پورا کرنے اور اسٹاف و آفیسرز کی ''ٹیکنیکل'' معاونت کے لیے سفارشات مرتب کرے گی۔ تاکہ ''اسٹاف و آفیسرز کے مائنڈ سیٹ'' کو خوش گوار اور مثبت تبدیلی کی طرف لے کر آئیں۔ انہوں نے ''فیلڈ ورکرز ٹرسٹ'' کا ذکر کرتے ہوئے فرمایا کہ ٹرسٹ سے متعلقہ معلومات ابھی اسٹیٹ لائف میں زبان زد عام نہیں ہوئیں لہٰذا اس ''کمیونیکیشن گیپ'' کو بذریعہ ''تحفظ'' دور کیا جا سکتا ہے۔ ''ہیلتھ

زونل سربراہان پر زور دیا کہ وہ ان پروجیکٹس کی کامیابی کے لیے ہر طرح کا تعاون فراہم کریں۔

ٹریننگ/سیمینارز کے انعقاد کے حوالے سے انہوں نے متعلقین کو ہدایت فرمائی کہ وہ سال 2016 کے آغاز میں ہی ایک جامع شیڈول کے ذریعے ٹریننگ اور سیمینار منعقد کیے جائیں تاکہ اچھے ٹرینرز کی کمی کو پورا کیا جا سکے اور دوسری طرف SECP کی قانونی ضروریات کو بھی پورا کیا جا سکے۔ چیئر پرسن صاحبہ نے جناب محمد ارشد زونل ہیڈ سرگودھا زون کی قائدانہ صلاحیتوں کی تعریف کی اور انہیں خراج عقیدت پیش کیا۔

ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ نے سلائیڈز کے ذریعے ایریا منیجرز سے منیجر مارکیٹنگ کی پروموشن پر سیر حاصل معلومات فراہم کیں۔


بعد ازاں، ہر سیکٹر ہیڈ کا ''کاروباری جائزہ'' ہوا تاہم اس بات پر اتفاق ہوا کہ ''نئی بھرتیوں کے ذریعے ہی پالیسیوں کی تعداد کو بڑھایا جا سکتا ہے'' جسے نظر انداز کیا جا رہا ہے۔

تمام موجود سیکٹر ہیڈز نے محترمہ نرگس گھلو اور ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ کو اس بات کا یقین دلایا کہ سال کے اختتام پر ''فیصل آباد ریجن'' کو کارکردگی کے لحاظ سے کارپوریشن کے تمام ریجنز میں

سال کے اختتام پر ''فیصل آباد ریجن'' کو کارکردگی کے لحاظ سے کارپوریشن کے تمام ریجنز میں
''اول'' نمبر پر پائیں گے۔ سیکٹر ہیڈز بزنس ریویو میٹنگ کا اختتام ایک پُرتکلف کھانے پر ہوا۔

**(رپورٹ: سہیل نصیر میاں، ریجنل انچارج کوآرڈینیشن، فیصل آباد ریجن)**

## مبارک باد



پی اینڈ جی ایس کے آفس آرڈر کے مطابق جناب قاضی محمد ابراہیم اسسٹنٹ منیجر ہیلتھ انشورنس ڈویژن کو فوری طور پر ٹرانسفر کر کے اسسٹنٹ منیجر/سیکٹر ہیڈ گروپ اینڈ پنشن کراچی زون تعینات کیا گیا ہے۔ ادارۂ تحفظ جناب قاضی محمد ابراہیم کو اُن کی اس تقرری پر مبارک باد پیش کرتا ہے۔

# اسٹیٹ لائف کی جانب سے 14 ملازمین حج کی سعادت حاصل کریں گے۔ پرنسپل آفس میں قرعہ اندازی کی تقریب کا احوال۔

اسٹیٹ لائف انشورنس کارپوریشن ہر سال کی طرح اس سال بھی اسٹیٹ لائف ایمپلائز سے معاہدے کی روشنی میں 14 ملازمین کو حج کرائے گی۔ اس ضمن میں گزشتہ دنوں پرنسپل آفس میں قرعہ اندازی کی تقریب ہوئی جس کے مطابق ان خوش نصیب افراد میں پرنسپل آفس اور سدرن ریجن سے سینئر آفس اسسٹنٹ (ایف اینڈ اے) کراچی سینٹرل زون جناب تکریم افتخار، پرنسپل آفس کے سپرنٹنڈنٹ (ایچ آر ڈی) جناب سہیل اقبال اور کراچی سدرن زون (ایف اینڈ اے) کے سینئر آفس اسسٹنٹ جناب محمد علی مغل شامل ہیں۔



چیئرپرسن محترمہ نرگس گھلو بٹن دبا کر قرعہ اندازی کا آغاز کر رہی ہیں۔

اسی طرح ملتان، حیدرآباد ریجن اور کوئٹہ زون سے، ملتان زون کے ایجنسی ڈیپارٹمنٹ کے سینئر



مارکیٹنگ ڈویژن کے شاہ فیصل تلاوت کلام پاک پیش کر رہے ہیں۔

ریکارڈ سارٹر سید حسن احمد نقوی، لاڑکانہ زون پی اینڈ جی ایس کے سینئر قاصد جناب صابر حسین سومرو جبکہ حیدرآباد زون شعبہ میڈیکل کے اسسٹنٹ سپرنٹنڈنٹ جناب محمد ایوب سولنگی خوش نصیب ٹھہرے۔

ناردرن ریجن سے گجرات زون شعبہ فنانس اینڈ اکاؤنٹس کے اسسٹنٹ سپرنٹنڈنٹ جناب مسعود احمد، راولپنڈی زون سے پی اینڈ جی ایس کے سپرنٹنڈنٹ جناب قمر جاوید، اور گجرات زون سے ہی پی ایچ ایس ڈیپارٹمنٹ کے سینئر قاصد جناب خالد محمود خوش نصیبوں میں شمار ہوئے۔



قرعہ اندازی کے شرکاء۔

مزید برآں سینٹرل و فیصل آباد ریجن سے فیصل آباد زون کے پی ایچ ایس ڈیپارٹمنٹ کے سینئر آفس اسسٹنٹ جناب عبدالرؤف، سیالکوٹ زون پی ایچ ایس ڈیپارٹمنٹ کے اسسٹنٹ سپرنٹنڈنٹ جناب اختر حفیظ اور سیالکوٹ کے ہی سینئر آفس اسسٹنٹ (ایف اینڈ اے) جناب عبدالرحمٰن خوش نصیبوں میں شامل ہیں۔




قرعہ اندازی کے شرکاء۔

علاوہ ازیں خصوصی زمرے میں کراچی سینٹرل زون ایجنسی ڈیپارٹمنٹ کے سپرنٹنڈنٹ جناب محمد ارشاد اور پشاور زون پی اینڈ جی ایس ڈیپارٹمنٹ کے اسسٹنٹ سپرنٹنڈنٹ قاضی جہانزیب شامل ہیں۔
ادارہ ''تحفظ'' تمام کامیاب خوش نصیبوں کو مبارکباد پیش کرتا ہے۔ (تحفظ رپورٹ)



ایچ آر ڈی کے سہیل اقبال حج قرعہ اندازی میں نام نکلنے پر یونین اور اپنے رفقاء کے ساتھ۔

# جناب اظہر حسین... مارکیٹنگ ڈویژن کے نئے سربراہ



اسٹیٹ لائف کے ریجنل چیف و جنرل منیجر ناردرن ریجن جناب اظہر حسین نے پرنسپل آفس میں بحیثیت کارپوریٹ مارکیٹنگ ہیڈ اپنی ذمہ داریاں سنبھال لیں۔

جناب اظہر حسین انشورنس انڈسٹری میں وسیع تجربہ رکھتے ہیں۔ وہ 1982 سے اسٹیٹ لائف سے وابستہ ہیں۔ جناب اظہر حسین 1962 میں راولپنڈی میں پیدا ہوئے اور اپنی مکمل تعلیم وہیں سے حاصل کی۔ اپنی تعلیم کے دوران ہی انہوں نے اسٹیٹ لائف بطور سیلز نمائندہ جوائن کی، انہیں سابق مارکیٹنگ سربراہ جناب منظور احمد نے متعارف کروایا۔ 1984 میں سیلز آفیسر بنے جبکہ 1986 میں سیلز منیجر کی حیثیت سے ترقی ہوئی۔ جناب اظہر حسین اپنی بہترین کارکردگی کی بدولت 1992 میں ایریا منیجر بنے اور انہیں زون اور ریجن میں پہلے کروڑ پتی ایریا منیجر بننے کا اعزاز حاصل ہوا۔ ان کی اس کامیابی کو دیکھتے ہوئے کارپوریشن نے جناب اظہر حسین کو ایریا منیجر سے ترقی دے کر براہِ راست اسسٹنٹ جنرل منیجر کے عہدے پر تعینات کر دیا اور تین سال تک بطور سیکٹر ہیڈ تعینات رہے۔ آپ نے تین سال راولپنڈی زون میں بطور سیکٹر ہیڈ اپنی خدمات پیش کیں۔ ان کی مسلسل اعلیٰ کارکردگی کے پیش نظر انہیں 2005 میں گجرات زون کا سربراہ بنایا گیا۔ اپنی قائدانہ صلاحیتوں سے گجرات زون کو پورے پاکستان میں دوسری پوزیشن پر لا کھڑا کیا۔ 2006 میں زونل ہیڈ اسلام آباد تعینات ہوئے۔ ان کے اس دور میں اسلام آباد نے کارپوریشن میں پہلی پوزیشن حاصل کی۔ 2008 میں ڈپٹی جنرل منیجر کے عہدے پر ترقی پائی۔ 2009 میں دوبارہ راولپنڈی زون میں زونل ہیڈ کا قلمدان سونپا گیا۔ انہوں نے جب راولپنڈی زون کا قلمدان سنبھالا تو زون کا پہلے سال کا پریمیم 40 کروڑ روپے تھا جبکہ ایریا منیجر کی تعداد 30 تھی۔ جب چارج چھوڑا تو زون کا پہلے سال کا پریمیم ایک ارب 02 کروڑ روپے تک جا پہنچا تھا جبکہ ایریا منیجر کی تعداد 59 ہو گئی تھی۔ 2014 میں جناب اظہر حسین کو بطور ریجنل چیف ناردرن ریجن بنایا گیا۔ انہوں نے بتایا کہ پاکستان بھر میں 2015 کی بنیاد پر کارپوریشن میں ناردرن ریجن کی پہلی پوزیشن برقرار ہے۔

انہوں نے اپنے ایک پیغام میں کہا ہے کہ مسابقت کے اس دور میں اشیاء کی تیاری سے زیادہ محنت طلب کام مارکیٹ میں اپنی ساکھ کو قائم رکھنا ہے۔ بہترین سروس ہی کامیابی کی ضمانت ہے۔ ہمیں فیلڈ فورس کو عزتِ نفس دینا ہوگی جبکہ ایریا منیجرز میری خصوصی توجہ کے حامل ہیں۔ جناب اظہر حسین کی ترجیحات میں سب سے پہلا کام چیئرپرسن محترمہ نرگس گھلو سے ایریا منیجرز کی ترقی کی منظوری ہے۔ فیلڈ کی ڈویلپمنٹ کے لیے تربیت پر خصوصی توجہ دی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ میرا خواب ہے کہ اگر اللہ تعالیٰ نے مجھے موقع دیا تو ڈ-تھ کلیم، میچوریٹی کلیم سے متعلق ایک ڈرامہ کی شکل میں ''ایک زندگی کی کہانیاں'' کے عنوان سے پیش کرنا چاہتا ہوں اور اس ضمن میں پی ڈی ڈیپارٹمنٹ میری معاونت کرے گا۔

ادارہ ''تحفظ'' جناب اظہر حسین کو مارکیٹنگ ڈویژن کا سربراہ بننے پر مبارکباد پیش کرتا ہے۔

(تحفظ رپورٹ)

## جناب خالد محمود شاہد نے ریجنل چیف نارتھ کے عہدے کا چارج سنبھال لیا



ریجنل چیف نارتھ جناب خالد محمود شاہد کا پرتپاک استقبال کیا جا رہا ہے۔



ریجنل چیف نارتھ جناب خالد محمود شاہد کی اپنے دفتر آمد پر گلدستہ پیش کیا گیا۔

# گجرات زون میں کاروباری مقابلے کا انعقاد
## ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ، ریجنل چیف ناردرن ریجن کی خصوصی شرکت

گزشتہ دنوں گجرات زون میں کامیاب فیلڈ ورکرز، ایریا منیجرز، سیکٹر ہیڈز کی میٹنگ ہوئی، جس میں کاروباری مقابلے کے انعقاد کے کوالیفائرز کی کثیر تعداد نے شرکت کی، ٹھیک 11 بجے جنرل منیجر ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ، جنرل منیجر ریجنل چیف نارتھ جناب اظہر حسین اور زونل ہیڈ گجرات چوہدری محمد


ریجنل چیف ناردرن ریجن جناب اظہر حسین تقریب کے دوران خطاب کرتے ہوئے

یوسف فاروقی ہال میں تشریف لائے، تو حاضرین نے ان کا بھرپور استقبال کیا۔
تقریب میں نظامت کے فرائض راقم الحروف نے ادا کیے۔ تلاوتِ قرآن پاک کی سعادت ایریا منیجر حافظ محمد اصغر نے حاصل کی جبکہ ایریا منیجر سید الیاس علی شاہ نے نہایت پُرسوز انداز میں ہدیہ نعت پیش کیا، اس کے بعد گجرات زون کے کامیاب ترین لوگوں کو پنجاب کی روایتی پگڑیاں پہنائی گئیں۔ کاروباری مقابلے کے ونرز کو بھی رنگارنگ پگڑیاں پہنائی گئیں۔ فیصد اضافہ اور حجم کے اعتبار سے منفرد کارکردگی کے حامل فیلڈ کارکنان، ایریا منیجرز، سیکٹر ہیڈز کو ہار پہنائے گئے۔


زونل ہیڈ گجرات چوہدری محمد یوسف فاروقی محوِ خطاب

کاروباری مقابلے کے کوالیفائرز کو گولڈ میڈلز بھی دیے گئے، زونل ہیڈ چوہدری محمد یوسف فاروقی نے بڑے شاندار انداز میں دسمبر کی اہمیت بیان کی۔ انہوں نے اچھے نتائج دینے پر گجرات زون


تقریب کے شرکا کا ایک منظر

کی فیلڈ فورس کی بہت تعریف کی اور اس امید کا اظہار کیا کہ ماہِ دسمبر میں بھی گجرات کی فیلڈ فورس، ایریا منیجرز اور سیکٹر ہیڈز کارکردگی کے اس معیار کو برقرار رکھیں گے۔
ریجنل چیف جناب اظہر حسین نے اپنے پُرجوش خطاب سے لوگوں کے دلوں کو گرمایا، انہوں نے فیلڈ فورس اور ایریا منیجرز کے لیے مہران گاڑی اور موٹر سائیکلوں کے لیے ریجن کی طرف سے جاری کردہ کانٹیسٹ کو اُجاگر کیا، انہوں نے گجرات زون سے ماہِ دسمبر میں شاندار کارکردگی کی توقعات کا اظہار کیا۔
اس کے بعد نماز جمعہ اور کھانے کا وقفہ ہوا، وقفہ کے بعد ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ نے اپنے مخصوص انداز میں بات چیت کی، اُن کی تقریر کے دوران لوگوں کی توجہ اور انہماک قابلِ دید تھا۔ انہوں نے زونل ہیڈ گجرات چوہدری محمد یوسف فاروقی صاحب کی قائدانہ صلاحیتوں کی تعریف کی اور


شرکائے تقریب

انہیں مردِ آہن قرار دیا۔ انہوں نے گجرات زون کی فیلڈ فورس کی والہانہ محبت پر اُن کا شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے ماہِ دسمبر میں اسٹیٹ لائف کنونشن 2016 کے دوبارہ اجراء پر تمام فیلڈ فورس کو مبارکباد پیش کی۔
آخر میں فیلڈ فورس کے لیے چار عمرہ ٹکٹوں، موٹر سائیکلوں اور موبائل فونز کی قرعہ اندازی ہوئی۔ اعلیٰ انتظامیہ نے قرعہ اندازی میں کامیاب لوگوں کو مبارک باد پیش کی اور تقریب کا اختتام کامیابی کی دعا سے ہوا۔ (رپورٹ: حبیب الرحمٰن، سیکٹر ہیڈ، گجرات زون)


2015 میں ان ہی کی کاوش
سال اول میں 4 کروڑ سے زائد پریمیئم کا حصول، یعنی ایک ر
محمد سرور - فیصل آباد زون
62,749,400روپے
چوہدری محمد آصف - سیالکوٹ زون
55,837,134روپے
محمد رمضان - راولپنڈی زون
55,057,866روپے
چوہدری محمد آصف - راولپنڈی زون
53,725,620روپے
عدیل منظور - فیصل آباد زون
51,479,569روپے
سید ذیشان حیدر - سیالکوٹ زون
49,316,094روپے
ایس۔ بی۔ ایم ربانی - اسلام آباد زون
48,276,211روپے
ڈاکٹر دلیپ کمار - کراچی ساؤتھ زون
47,272,416روپے
چوہدری محمد آصف وحدرا - سرگودھا زون
45,866,786روپے
نعیم احمد رانا - کراچی ایسٹرن زون
45,440,891روپے
قیصر اختر - میرپور (اے کے) زون
45,179,452روپے
چوہدری محمد بشارت - اسلام آباد زون
43,527,794روپے
اسٹیٹ لائف
انشورنس کارپوریشن آف پاکستان
www.statelife.com.pk
اسٹیٹ لائف انشورنس کارپوریشن آف پاکستان کو اپنے پرعزم اور جفاکش ایریا مینیجرز پر بجا طور
معاشی تحفظ فراہم کیا اور اپنے ادارے کی ترقی میں نہایت اہم کردار ادا کیا۔ اس اعلیٰ اور قابل تقلید کا

# نوں سے ہوئے ہم نمبر 1

ریکارڈ ساز کامیابی ان ہی کی بے مثل کارکردگی کا ثبوت ہے۔


علی اصغر علوی - گوجرانوالہ زون
42,979,398 روپے


شیخ ناصر محمود - راولپنڈی زون
42,325,096 روپے


ممتاز شاہد - وہاڑی زون
42,307,820 روپے


افسر خان - اسلام آباد زون
42,090,737 روپے


مرزا خالد محمود - میرپور (اے کے) زون
42,051,849 روپے


چوہدری انتظار حسین - سرگودھا زون
41,659,326 روپے


فضل الٰہی بٹ - سیالکوٹ زون
41,435,830 روپے


انور سلیمی - وہاڑی زون
41,326,202 روپے


غضنفر علی بٹ - گجرات زون
40,604,395 روپے


ایم رضوان ارشد - فیصل آباد زون
40,395,495 روپے


قاضی ایم ارشد - سیالکوٹ زون
40,135,528 روپے



پر ناز ہے۔ جنھوں نے بے لوث خدمت اور انتھک محنت کے جذبے سے نہ صرف شہروں میں بلکہ دور دراز کے دیہات میں بسنے والے اہل وطن کو بیمہ زندگی کے ذریعہ
کردگی پر ہم ان تمام ایریا مینیجرز کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں۔

# سدرن ریجن کا ایمپلائز آف ایجنٹس کنونشن 2016ء
## ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ جناب اظہر حسین کی شرکت
## فیصل آباد زون سے 3 ایریا منیجرز کی خصوصی شرکت

گزشتہ دنوں سدرن ریجن کے تحت پہلا ایمپلائز آف ایجنٹس کنونشن 2016 بمقام بحریہ آڈیٹوریم کراچی منعقد ہوا، جس کے مقاصد میں 2016ء کی منصوبہ بندی، نئے نمائندوں کی



ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ جناب اظہر حسین اور ریجنل چیف سدرن ریجن چوہدری اختر حسین کنونشن میں اپنے رفقا کے ساتھ

بھرتی، فیلڈ اسٹرکچر، بیمہ داروں کو بعد از فروخت سروس کی فراہمی، بیمہ کاروں کی خوشحالی اور دیگر معاملات شامل ہیں۔ اس کنونشن میں کراچی کے کامیاب سیلز آفیسرز، سیلز منیجرز، سیکٹر ہیڈز و زونل ہیڈز نے شرکت کی۔ تقریب کی صدارت ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ جناب اظہر حسین، ریجنل چیف سدرن ریجن چوہدری اختر حسین نے کی۔ علاوہ ازیں جی ایم وڈی ایچ، بینک انشورنس جناب گیان چند اور دیگر معزز مہمانانِ گرامی نے بھی اپنی شرکت سے اس تقریب کو مزید پُر وقار بنایا۔

اس تقریب کی خاص بات فیصل آباد زون کے تین کامیاب ترین ایریا منیجرز کی موجودگی تھی جنہوں نے اپنے اچھوتے اندازِ بیان سے حاضرین کو متاثر کیا۔ ان ایریا منیجرز میں جناب محمد سرور، جناب عدیل منظور اور جناب محمد رضوان ارشد شامل تھے۔ تقریب کا افتتاح ریجنل چیف سدرن ریجن چوہدری اختر حسین نے کیا اور تمام مہمانانِ گرامی کو خوش آمدید کہا۔ زونل ہیڈ جناب قاضی فواد



نئے جنرل منیجر مارکیٹنگ اظہر حسین اور ریجنل چیف سدرن ریجن چوہدری اختر حسین، سرور اور ان کی ٹیم کے ساتھ۔

سلیم نے نظامت کے فرائض انجام دیے اور ایک نہایت عمدہ اظہار بموضوع مجوزہ فیلڈ ڈھانچہ پیش کیا۔ ڈویژنل ہیڈ و جنرل منیجر مارکیٹنگ جناب اظہر حسین نے اپنے مختصر مگر جامع خطاب میں اپنے



محمد سرور کا کراچی سا ؤتھ کے عارف درویش اور ساتھیوں کے ساتھ گروپ فوٹو۔

تجربات کی روشنی میں حاضرین سے سیر حاصل خطاب کیا۔ غرض ایک شاندار اور پُر وقار تقریب اپنی تر کامیابیوں کے ساتھ اختتام پذیر ہوئی۔ اختتام پر ایک پُر تکلف عشائیہ دیا گیا۔

(رپورٹ: عارف درویش، سدرن ریجن)

## اجمل اعجاز کی کتاب ''زرافہ اور لمبی لڑکی'' کی تقریبِ رونمائی

سابق اے جی ایم اجمل اعجاز حیدرآباد زون کی کتاب ''زرافہ اور لمبی لڑکی'' کی تقریبِ رونمائی گذشتہ دنوں کراچی پریس کلب میں ہوئی۔ اجمل اعجاز کی یہ آٹھویں کتاب ہے اور وہ ناول نگار، ڈرامہ نویس کے طور پر اپنی شناخت رکھتے ہیں۔

## دفتری اوقاتِ کار میں تبدیلی

اسٹیٹ لائف نے ملک بھر میں موسم گرما 2016 کے لیے دفتری اوقاتِ کار میں یکم مارچ سے تبدیلی کی ہے تاہم اس کا اطلاق کراچی میں نہیں ہوگا۔ تفصیلات کے مطابق کراچی میں پیر تا جمعرات صبح 9:00 تا 5:30 بجے شام، 1:00 سے 2:00 بجے وقفہ برائے لنچ اور نماز جبکہ جمعہ کو صبح 9:00 بجے تا 5:30 بجے شام، 12:30 تا 2:30 بجے نماز جمعہ اور لنچ کا وقفہ ہوگا۔

اسی طرح کراچی سے باہر دیگر علاقوں میں بھی صبح 9:00 بجے تا شام 5:30 بجے تک آفس کھلا رہے گا اور 1:00 سے 2:00 بجے تک لنچ اور نماز کا وقفہ رہے گا جبکہ جمعہ کو صبح 9:00 بجے تا 5:30 بجے شام نماز جمعہ اور لنچ کے لیے 12:30 تا 2:30 بجے وقفہ ہوگا۔ ہفتہ اور اتوار حسبِ معمول چھٹی ہوگی۔

# اسٹیٹ لائف کا سلک بینک کے ساتھ بینک ایشورنس ڈسٹری بیوشن پر معاہدہ

اسٹیٹ لائف انشورنس کارپوریشن آف پاکستان اور سلک بینک نے بینک ایشورنس (Bancassurance) ڈسٹری بیوشن ایگریمنٹ پر دستخط کیے ہیں۔اس معاہدے کے تحت سلک بینک کی طرف سے اپنے موجودہ اور ممکنہ کسٹمرز کو بینک کے وسیع ڈسٹری بیوشن چینلز کے ذریعے اسٹیٹ لائف بینک ایشورنس پروڈکٹس پیش کی جائیں گی۔ بینک ایشورنس کی پیشکش اسٹیٹ لائف کی مسلسل ترقی اور پروڈکٹس میں جدت کے عزم سے ہم آہنگ ہے۔ یہ سلک




بینک کے ”جدت پسندی، کسٹمر سروس اور فرض شناس ملازمین کے حوالے سے اعلیٰ کارکردگی کا حامل بینک“ بننے کے دیرپا ارادے کی بھی عکاسی کرتا ہے۔اس ایگریمنٹ پر جنرل منیجر بینک ایشورنس، اسٹیٹ لائف جناب گیان چند کیول رمانی، ہیڈ آف ڈیتھ منیجمنٹ اینڈ کرائسس سیل، سلک بینک جناب آصف عظیم اور محمد نسیم راٹھر، GBA،COO سروسز (پرائیویٹ) لمیٹڈ نے دستخط کیے۔اسٹیٹ لائف اور سلک بینک کے درمیان یہ اشتراک کسٹمرز کو ایسا تحفظ فراہم کرتا ہے جو ان کی مالیاتی استحکام کی ضمانت دیتا ہے۔سلک بینک کو اپنا نیا بینک ایشورنس پارٹنر بنانے کے ساتھ اسٹیٹ لائف انشورنس کارپوریشن آف پاکستان اپنے کاروبار میں نمایاں وسعت کی توقع رکھتی ہے، جسے ملک بھر میں وسیع تر، اہم مقامات پر واقع ڈسٹری بیوشن نیٹ ورک سے فائدہ ہو گا۔اس ایگریمنٹ پر دستخط کی تقریب میں جناب جمیل انور ایگزیکٹو ڈائریکٹر اسٹیٹ لائف، جناب آصف عظیم، جناب اذکار خان ایگزیکٹو ڈائریکٹر اسٹیٹ لائف اور سلک بینک کے نمائندوں نے شرکت کی۔اس موقع پر جناب جمیل انور ایگزیکٹو ڈائریکٹر اسٹیٹ لائف نے اپنے خطاب میں کہا ”بینک ایشورنس مارکیٹ میں واحد قومی ادارے کی حیثیت سے اسٹیٹ لائف یہ محسوس کرتی ہے کہ ہر دستیاب ڈسٹری بیوشن چینل کے ذریعے ہر ممکنہ کسٹمر تک پہنچنا اس کی ذمہ داری ہے۔ سلک بینک کے ڈسٹری بیوشن نیٹ ورک اور صلاحیتوں سے استفادہ کے ساتھ، اسٹیٹ لائف یقین رکھتی ہے کہ یہ پارٹنرشپ بینک ایشورنس میں کامیابی کی ایک اور داستان رقم کرنے میں ہماری مددگار بنے گی۔ اس سے ہمیں اعلیٰ پروڈکٹس، کاروباری خریداری (Procurement)، بیمہ داروں کی معیاری خدمت اور کلیم کی بے مثال ادائیگیوں کے حوالے سے اپنی مارکیٹ کی قیادت کی روایت برقرار رکھنے میں مدد ملے گی۔“

**(تحفظ رپورٹ)**

# آفس آرڈر... افسران کی تبدیلی و تعیناتی

پی اینڈ جی ایس ڈویژن کے جاری کردہ مختلف سرکلرز کے مطابق:

- جنرل منیجر و ڈویژنل ہیڈ انویسٹمنٹ جناب عطاء اللہ اے رشید کو خصوصی کام کے لیے پی اینڈ جی ایس کو رپورٹ کرنے کو کہا گیا ہے۔ وہ آئندہ احکامات تک ایگزیکٹو ڈائریکٹر (ایچ آر ڈی) کے پی آئی ڈویلپمنٹ اور دیگر متعلقہ ایچ آر کنسلٹنٹ میں معاونت کریں گے۔
- جنرل منیجر (ایچ آر ڈی) پرنسپل آفس جناب محمود ایچ ملک کو تبدیل کر کے جنرل منیجر (تکافل) پرنسپل آفس تعینات کیا گیا ہے۔
- ڈپٹی جنرل منیجر (ایچ آر ڈی) پرنسپل آفس سید اعجاز علی زیدی کو ڈویژنل ہیڈ (ایچ آر ڈی) تعینات کیا گیا ہے۔
- ڈپٹی جنرل منیجر جناب خالد منصور (تعیناتی کے منتظر) کو ریجنل چیف نیا قائم شدہ کے پی کے ریجن تعینات کیا گیا ہے۔
- ڈپٹی جنرل منیجر و زونل ہیڈ راولپنڈی زون جناب خالد محمود شاہد کو ٹرانسفر کر کے ریجنل چیف ناردرن ریجن تعینات کیا گیا ہے، جبکہ اسسٹنٹ جنرل منیجر و زونل ہیڈ گجرات زون جناب ایم یوسف فاروقی کو تبدیل کر کے راولپنڈی زون کا سربراہ بنایا گیا ہے۔
- اسسٹنٹ جنرل منیجر (ایچ آر ڈی) فیصل آباد زون جناب عبدالستار جاوید کو زونل ہیڈ گجرات تعینات کیا گیا ہے۔
- چوہدری اختر حسین ریجنل چیف ملتان ریجن کو ٹرانسفر کر کے ریجنل چیف ساؤتھ ریجن تعینات کیا گیا ہے، جبکہ ریجنل چیف سدرن ریجن جناب اقبال گل کو ٹرانسفر کر کے ریجنل چیف حیدرآباد تعینات کیا گیا ہے۔
- ڈپٹی جنرل منیجر و ریجنل چیف حیدرآباد ریجن جناب ڈر محمد بالادی کو تبدیل کر کے ڈی جی ایم (ایچ آر ڈی ڈی) پرنسپل آفس تعینات کیا گیا ہے۔
- ڈپٹی جنرل منیجر ریجنل آفس سینٹرل لاہور جناب ایم داؤد ناصر کو تبدیل کر کے ریجنل چیف ملتان ریجن کی ذمہ داریاں سونپی گئی ہیں۔
- اسسٹنٹ جنرل منیجر (پی ایچ ایس) ڈویژن پرنسپل آفس ڈاکٹر ارشد حمید عراقی کو ٹرانسفر کر کے پی ایچ ایس (کلیم) ڈیپارٹمنٹ کراچی سدرن زون میں تعینات کیا گیا ہے۔
- منیجر (مارکیٹنگ) راولپنڈی زون سید اسد علی کو ٹرانسفر کر کے زونل ہیڈ اسلام آباد زون تعینات کیا گیا ہے۔
- منیجر و زونل ہیڈ اسلام آباد زون محترمہ سردار بیگم کو تبدیل کر کے زونل ہیڈ گلگت تعینات کیا گیا ہے۔
- منیجر و زونل ہیڈ حیدرآباد زون جناب شاہنواز سومرو کو تبدیل کر کے انہیں زونل ہیڈ سکھر زون کا قلمدان سونپا گیا ہے۔
- منیجر و سیکٹر ہیڈ حیدرآباد زون جناب اصغر علی خٹک کو تبدیل کر کے زونل ہیڈ بینظیر آباد زون لگایا گیا ہے جبکہ منیجر و زونل ہیڈ بینظیر آباد زون جناب مسعود انور کو تبدیل کر کے زونل ہیڈ میرپور خاص زون تعینات کیا گیا ہے۔
- اے جی ایم (پی ایچ ایس) کلیم کراچی سدرن زون جناب محمد خالد اعوان کو ٹرانسفر کر کے اے جی ایم (پی اینڈ جی ایس) پرنسپل آفس تعینات کیا گیا ہے۔
- قائم مقام اے جی ایم (پی اینڈ جی ایس) ڈویژن جناب عارف ابراہیم اپنے موجودہ کام کے علاوہ پی-5 کے امور کی دیکھ بھال کریں گے۔
- منیجر پی-5 پی اینڈ جی ایس ڈویژن جناب ضیاالاسلام کو ٹرانسفر کر کے کراچی سینٹرل زون میں تعینات کیا گیا ہے۔
- منیجر (پی ایچ ایس) ڈیپارٹمنٹ حیدرآباد زون جناب طارق غیور خان کو تبدیل کر کے پی-II سیکشن پی اینڈ جی ایس ڈویژن پرنسپل آفس تعینات کیا گیا ہے۔
- منیجر پی-II سیکشن پی اینڈ جی ایس ڈویژن، پرنسپل آفس جناب محمد یونس کو تبدیل کر کے پی ایچ ایس (کلیم) کراچی سدرن زون تعینات کیا گیا ہے۔
- منیجر (جی ایس) ڈیپارٹمنٹ پرنسپل آفس جناب ایم راشد صدیقی کو ٹرانسفر کر کے پی-IV سیکشن پی اینڈ جی ایس پرنسپل آفس کا قلمدان سونپا گیا ہے۔
- ڈپٹی منیجر (پی اینڈ جی ایس/ لاء) جناب شاہد اے ہاشمی کو ٹرانسفر کر کے قائم مقام منیجر پی-5 تعینات کیا گیا ہے اور وہ اس کے علاوہ اپنے کاموں کی دیکھ بھال بھی کریں گے۔
- ڈپٹی منیجر پی-II سیکشن پی اینڈ جی ایس ڈویژن پرنسپل آفس جناب انور اقبال کو ٹرانسفر کر کے جی ایس ڈیپارٹمنٹ پرنسپل آفس میں تعیناتی عمل میں لائی گئی ہے۔
- اسسٹنٹ منیجر پی-II پی اینڈ جی ایس ڈویژن پرنسپل آفس کو ٹرانسفر کر کے بینک ایشورنس ڈویژن پرنسپل آفس میں تعینات کیا گیا ہے۔
- ریکارڈ سارٹر پی اینڈ جی ایس ڈویژن پرنسپل آفس کو تبدیل کر کے کراچی ایسٹرن زون میں ذمہ داریاں لگائی گئی ہیں۔

# فیلڈ ورکرز ویلفیئر ٹرسٹ کا قیام
# چیئرپرسن محترمہ نرگس گھلو اور ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ کی افتتاحی تقریب میں شرکت

اسٹیٹ لائف فیلڈ ورکرز فیڈریشن آف پاکستان سے تعلق رکھنے والے اسینئر رفقاء کی دو دھائیوں سے زائد پر محیط طویل جدو جہد کے نتیجے میں لاہور میں مذکورہ ٹرسٹ کے قیام و دستاویزات پر دستخط کا دن ہماری فیلڈ فورس کے لیے یادگار دن تھا۔ چیئرپرسن محترمہ نرگس گھلو، مارکیٹنگ و پی ایچ



جناب افتخار احمد، ڈویژنل ہیڈ (پی ایچ ایس)، جناب محمد اصغر، صدر فیلڈ ورکرز ویلفیئر ٹرسٹ کو ٹرسٹ کا پہلا چیک پیش کر رہے ہیں۔

ایس کے ڈویژنل ہیڈ افتخار احمد اور فیلڈ ورکرز فیڈریشن کے جملہ عہدیداران و دیگر متعلقہ افسران کی موجودگی میں یہ ٹرسٹ عمل میں آیا۔ اس ضمن میں فیلڈ ورکرز فیڈریشن اور انتظامیہ کے مابین حالیہ مذاکرات میں اہم پیش رفت ہوئی۔ جبکہ فنانس اینڈ اکاؤنٹس ڈویژن کی جانب سے



فیلڈ ورکرز ٹرسٹ کے قیام کے موقع پر چیئرپرسن محترمہ نرگس گھلو، کارپوریشن کی سینئر مینجمنٹ، صدر فیلڈ ورکرز فیڈریشن جناب محمد اصغر اور فیڈریشن کے دیگر عہدیداروں کا گروپ فوٹو

فیلڈ ورکرز ویلفیئر ٹرسٹ کے لیے پہلا چیک پیش کیا گیا، جسے بعد ازاں ڈویژنل ہیڈ پی ایچ ایس افتخار احمد نے صدر فیلڈ ورکرز فیڈریشن جناب محمد اصغر کے حوالے کیا۔ اس موقع پر ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ، سیکریٹری جنرل آغا سہیل کامران خان، ایڈیشنل سیکریٹری جنرل ساجد محمود شیخ، سیکریٹری فنانس جناب قمر بٹ، ریجنل کوآرڈینیٹر سینٹرل سید حسن عباس حسینی اور ریجنل کوآرڈینیٹر ڈاکٹر شیر محمد اعوان بھی موجود تھے۔


**(رپورٹ: اسلم پرویز، سیکریٹری اطلاعات، فیلڈ ورکرز فیڈریشن آف پاکستان)**

## 2015 کی کاروباری صورتحال کا جائزہ

اسٹیٹ لائف انشورنس کارپوریشن نے سال 2015 کے دوران پریمیم سال اول کی مد میں 15 ارب 72 کروڑ روپے حاصل کیے جبکہ 2014 میں اسی مد میں 15 ارب 47 کروڑ روپے کا پریمیم سالِ اول حاصل ہوا تھا۔ اس طرح کاروبار میں 1.61 فیصد اضافہ ہوا۔ اسی طرح تجدیدی پریمیم کی مد میں 2015 میں 51 ارب 9 کروڑ روپے سے زائد کا پریمیم حاصل ہوا تھا۔ جبکہ 2014 میں رینول پریمیم 44 ارب 15 کروڑ روپے سے زائد حاصل ہوا، اس طرح رینول پریمیم میں بھی 15.68 فیصد ریکارڈ اضافہ ہوا۔ اسی طرح کاروبار کے دیگر معاملات کا جائزہ لیا جائے تو 2015 میں 6 لاکھ 75 ہزار 463 نئی بیمہ پالیسیاں فروخت ہوئیں جبکہ فرسٹ ایئر سنگل/ یونیورسل پلان پریمیم کی مد میں 11 کروڑ روپے سے زائد پریمیم حاصل ہوا۔ کاروبار کی استحکامی شرح کا تناسب 78.17 فیصد رہا۔ جبکہ تھرڈ ایئر پرسسٹنسی کا شرح تناسب 88.29 فیصد رہا۔ کارپوریشن پہلے سال کے پریمیم ٹارگٹ کا 78.75 فیصد حاصل کرنے میں کامیاب رہی۔

علاوہ ازیں اگر ہم ریجنز کی سطح پر کاروباری صورتحال کا جائزہ لیں تو نادرن ریجن وہ خوش قسمت زون ہے جس نے 6.69 فیصد سے زائد کا اضافہ ریکارڈ کر کے ریجن میں پہلی پوزیشن حاصل کی جبکہ سدرن ریجن نے 6.49 فیصد اضافہ اور سینٹرل ریجن نے 3.05 فیصد اضافہ حاصل کر کے بالترتیب دوسری اور تیسری پوزیشن حاصل کی۔

## سابق ایگزیکٹیو ڈائریکٹر جناب مظہر الدین انتقال کر گئے



یہ خبر قارئین کے لیے نہایت افسوس ناک ہے کہ ہمارے سابق ایگزیکٹو ڈائریکٹر جناب مظہر الدین انتقال کر گئے... اناللہ وانا الیہ راجعون۔
جناب مظہر الدین ایک محنتی اور دیانتدار افسر تھے، وقت کے پابند اور اعلیٰ اوصاف حمیدہ کے مالک تھے۔ انہیں اسٹیٹ لائف کے مختلف ڈیپارٹمنٹوں میں کام کرنے کا موقع ملا تاہم زیادہ عرصہ انہوں نے انچھ ریل ڈویژن میں بحیثیت سربراہ کام کیا۔
وہ ایک لائق اور شفیق انسان تھے، ان کی صلاحیتوں نے کارپوریشن کو ترقی اور استحکام سے ہمکنار کیا۔
اسٹیٹ لائف کے جملہ افسران و کارکنان مرحوم کے پسماندگان کے دکھ میں برابر کے شریک ہیں۔
ادارہ "تحفظ" دعا گو ہے کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کی مغفرت فرمائے اور ان کے درجات بلند کرے اور انہیں جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے۔ (آمین)

**(تحفظ رپورٹ)**

## انتقال پُر ملال



ہمارے ڈپٹی منیجر ایف اینڈ اے، کراچی ایسٹرن زون، جناب اشتیاق احمد گذشتہ دنوں انتقال کر گئے، اناللہ وانا الیہ راجعون۔
جناب اشتیاق احمد کا شمار ایک لائق، شفیق، محنتی، مخلص اور دیانت دار افسر میں کیا جاتا تھا۔ انہوں نے زیادہ تر وقت اسٹیٹ لائف کے ایف اینڈ اے ڈویژن میں گزارا۔
اسٹیٹ لائف کے جملہ افسران و کارکنان مرحوم کے پسماندگان کے دکھ میں برابر کے شریک ہیں۔ ادارہ "تحفظ" دعا گو ہے کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کی مغفرت فرمائے اور اُن کے درجات بلند کرے اور انہیں جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے (آمین)

**(تحفظ رپورٹ)**

# اسٹیٹ لائف فیلڈ ورکرز اور انتظامیہ کے مابین مذاکرات۔ کارپوریشن کی انتظامیہ اور فیلڈ ورکرز فیڈریشن کے اعلیٰ عہدے داران کی شرکت

گذشتہ دنوں فیلڈ ورکرز فیڈریشن اور انتظامیہ کے مابین پرنسپل آفس میں فیلڈ ورکرز اور پالیسی ہولڈرز کے معاملات پر مذاکرات ہوئے، جس میں درج ذیل افسران و عہدیداران شریک ہوئے۔



مقامی ہوٹل میں مذاکرات کے آخری دن کارپوریشن کی اعلیٰ انتظامیہ اور فیلڈ ورکرز فیڈریشن کے اعلیٰ عہدے داران کا گروپ فوٹو

**انتظامیہ:**

ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ، اسٹیٹ لائف، جناب طاہر اے خان، ریجنل چیف سینٹرل، چوہدری اختر حسین، ریجنل چیف ساؤتھ، جناب محمد اقبال گل، ریجنل چیف حیدرآباد، چوہدری اعجاز حسین، ریجنل چیف فیصل آباد، جناب محراب گل، منیجر مارکیٹنگ ڈویژن، جناب یوسف بیگ، منیجر مارکیٹنگ ڈویژن۔

**فیلڈ ورکرز فیڈریشن کے عہدیداران:**

جناب محمد اصغر، صدر، آغا سہیل کامران خان، سیکریٹری جنرل، جناب ساجد محمود شیخ، ایڈیشنل سیکریٹری جنرل، جناب میر حسن مغیری، نائب صدر، جناب قمرالزمان بٹ، سیکریٹری مالیات (فنانس)، جناب اسلم پرویز، سیکریٹری اطلاعات، ڈاکٹر شیر محمد اعوان، ریجنل کوآرڈینیٹر (نارتھ) سید حسن عباس حسینی، ریجنل کوآرڈینیٹر (سینٹرل)، راجہ مظفر حسین، ریجنل کوآرڈینیٹر (ساؤتھ)۔

میٹنگ کا آغاز تلاوت کلام پاک سے ہوا۔

جنرل منیجر و ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ نے انتظامیہ کی جانب سے تمام شرکاء کو خوش آمدید کہا۔ اپنے افتتاحی خطاب میں انہوں نے میٹنگ کی اہمیت پر روشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ اس اجلاس کا بنیادی مقصد مختلف معاملات کے حل کے لیے باہمی مشاورت ہے۔ اعلیٰ انتظامیہ نے ہمیں اسٹاف ایجنسیوں کی حوصلہ شکنی اور اسٹرکچر 2002 کو مزید موثر و بہتر بنانے کے لیے کہا ہے۔ صدر فیلڈ ورکرز فیڈریشن جناب محمد اصغر نے مارکیٹنگ ڈویژن کی جانب سے جاری کردہ حالیہ دو سرکلر پر تحفظات کا اظہار کیا۔ انہوں نے کہا کہ ہمیں مجوزہ پرائیوٹائزیشن کے بارے میں بھی سوچنا ہوگا۔ فیلڈ ورکرز کی بہتری کے لیے کام کرنا ہوگا۔

انہوں نے کہا کہ ہمیں فیلڈ ورکرز کی خوشحالی اور آسودگی کے لیے بہتر اقدامات اُٹھانا ہوں گے۔ اس ضمن میں دفتری و جملہ سہولیات، پالیسی ہولڈرز کے معاملات، کمیشن برائے APL پالیسیز، ساقط پالیسیوں پر لیٹ فیس کی معافی، فیلڈ ورکرز کے لیے ہاؤس بلڈنگ قرض، 4.35 فیصد کیش Compensation کے ریٹ میں اضافہ ہر تین سال کے بعد سالانہ کوٹے پر 25 فیصد اضافہ، پالیسی ہولڈرز کے معاملات، سیلز آفیسر کے لیے پیٹرول کی سہولت، ماہانہ کمیشن اسٹیٹمنٹ کا بروقت اجراء، اسٹیشنری کی مد میں نقد ادائیگی، ایمپلائر آف ایجنٹس کے لیے اضافی پیداواری الاؤنس، میڈیکل اور گروپ انشورنس کی سہولت، ہیلتھ انشورنس ایس آر کی سطح تک، ماہانہ کٹوتی برائے فیلڈ ورکرز ویلفیئر ٹرسٹ، گروپ انشورنس کی تاحیات سہولت کا اجرا کیا جائے۔

صدر محمد اصغر نے خصوصاً اسٹرکچر-2002 کے بارے میں ذکر کرتے ہوئے کہا کہ اس کے نفاذ کے وقت فیصلہ ہوا تھا کہ دو، تین سال بعد اس پر ضرور نظرثانی ہوگی۔ لہٰذا اس پر غور کرتے ہوئے فیلڈ ورکرز و پالیسی ہولڈرز کی حائل رکاوٹیں دور کی جائیں۔



کارپوریشن کی اعلیٰ انتظامیہ اور فیلڈ ورکرز فیڈریشن کے اعلیٰ عہدے داران پرنسپل آفس میں مذاکرات کے دوران۔

مذکورہ اُمور پر باہمی دلچسپی اور گہرائی سے گفتگو کی گئی، جس میں انتظامیہ کی جانب سے ڈویژنل ہیڈ پی ایچ ایس جناب افتخار احمد، ریجنل چیف سینٹرل جناب طاہر اے خان، چوہدری اعجاز حسین ریجنل چیف فیصل آباد، ریجنل چیف حیدرآباد جناب محمد اقبال گل، چوہدری اختر حسین ریجنل چیف ساؤتھ اور فیلڈ ورکرز فیڈریشن کی جانب سے سیکریٹری جنرل آغا سہیل کامران خان، ایڈیشنل سیکریٹری جنرل جناب ساجد محمود شیخ، نائب صدر میر حسن مغیری، سیکریٹری فنانس قمرالزمان بٹ، سیکریٹری اطلاعات جناب اسلم پرویز، ریجنل کوآرڈینیٹر نارتھ ڈاکٹر شیر محمد اعوان، ریجنل کوآرڈینیٹر سینٹرل سید حسن عباس حسینی، ریجنل کوآرڈینیٹر ساؤتھ راجہ مظفر حسین نے بھرپور خیالات کا اظہار کیا۔

آخر میں ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ نے اس امر کا یقین دلایا کہ منیجمنٹ کمیٹی زیر بحث تمام متعلقہ امور کے بہترین حل کی کوشش کرے گی۔ انتظامیہ آپ کی مثبت سوچ و خیالات کی قدر کرتی ہے۔

Vote Of Thanks کے ساتھ اجلاس اختتام پذیر ہوا۔

**(رپورٹ: اسلم پرویز، سیکریٹری اطلاعات، فیلڈ ورکرز فیڈریشن آف پاکستان)**



فیلڈ ورکرز فیڈریشن کے صدر جناب محمد اصغر اپنے دیگر عہدے داروں کے ساتھ

# اسٹیٹ لائف
# میدانِ عمل میں



ایبٹ آباد زون: زونل ہیڈ جناب انوار الحق 4,400,000 (چوالیس لاکھ) روپے کا ڈیتھ کلیم چیک مرحوم محمد بشیر کے بیٹے کو دے رہے ہیں۔ اس موقع پر سیکٹر ہیڈ مانسہرہ جہانزیب خان اور ایریا منیجر جمیل اعوان بھی موجود ہیں۔



پالیسی ہولڈر مرحوم عباس علی کی حادثاتی موت پر سیکٹر ہیڈ حیدرآباد زون سید افتخار حسین شاہ مرحوم کے بیٹے احسان سومرو کو مبلغ 2,800,000 (اٹھائیس لاکھ) روپے کا چیک دے رہے ہیں۔ اس کے علاوہ اسٹیٹ لائف ان کے بچوں کو سالانہ ایک لاکھ روپے وظیفہ بھی دیا کرے گی۔



سکھر زون: سیکٹر ہیڈ جناب محمد اسحاق آرائیں مرحوم صاحب ڈنو ناریجو کے وارث بھائی جناب محمد صادق ناریجو کو ڈیتھ کلیم چیک کی مد میں مبلغ 660,000 روپے دے رہے ہیں۔ ان کے ساتھ ایریا منیجر جناب غلام نبی راجڑ، سیلز منیجر عاشق علی آرائیں اور سیلز آفیسر کریم بخش اڈہو بھی نمایاں ہیں۔



فیصل آباد زون: ایریا منیجر جناب محمد انور، بیمہ دار مرحوم نصر اللہ کی وفات پر ان کی بیوہ محترمہ نسرین اختر کو مبلغ 455,000 روپے ڈیتھ کلیم چیک پیش کر رہے ہیں۔ انہیں تقریباً 60 ہزار روپے سالانہ 17 سال تک فیملی انکم بینیفٹ معاہدے کے تحت ملتا رہے گا۔ اس موقع پر سیلز منیجر عبدالغفار، سیلز آفیسر بابر علی اور سیلز نمائندہ زاہد علی بھی نمایاں ہیں۔



میر پور آزاد کشمیر زون: سیکٹر ہیڈ ساجد اقبال، مرحوم عمر دراز خان کے بیٹے کو مبلغ 410,000 کا ڈیتھ کلیم چیک دے رہے ہیں۔ تصویر میں مرحوم عمر آزاد کے ماموں بھی نظر آ رہے ہیں۔



میر پور آزاد کشمیر زون: ایریا منیجر ڈڈیال عبدالمجید بٹ، مرحوم ارشاد خان کا ڈیتھ کلیم چیک 315,000 روپے مرحوم بیمہ دار کے بیٹے کو دے رہے ہیں۔ سیلز منیجر مولوی لال حسین اور سیلز آفیسر مرزا شعبان ہمراہ ہیں۔


# اسٹیٹ لائف
# میدانِ عمل میں



ملتان زون: سیکٹر ہیڈ چوہدری محمد یوسف مختار، سیلز منیجر محمد انور عاصم اور سیلز منیجر عرفان احمد ہاشمی، بیمہ دار مرحوم امانت علی رضوی کا ڈیتھ کلیم چیک مبلغ 287,200 روپے ان کے بیٹے سید عون محمد رضوی کو دے رہے ہیں۔ دیگر عمائدین علاقہ بھی ہمراہ ہیں۔



حیدرآباد زون: ایریا منیجر محمد قاسم بھرٹ، سیلز منیجر عبدالغفور آرائیں اور لکھمیو مل، مرحومہ کمال خاتون کا ڈیتھ کلیم چیک مبلغ 240,000 روپے ان کے ورثا کو دے رہے ہیں۔



جھنگ زون: مرحوم بیمہ دار نوید عمران کے انتقال پر اس کے والد محمد افضل خان بلوچ کو دو لاکھ بیس ہزار روپے کا ڈیتھ کلیم چیک ایریا منیجر عابد حسین خان پیش کر رہے ہیں۔ سیلز منیجر جاوید رضا ہرل اور ناصر علی خان، سیلز آفیسر بھی نمایاں ہیں۔ مرحوم نے صرف دو اقساط ہی جمع کرائی تھیں اور وہ انتقال کر گئے۔



جناب قاضی فواد سلیم، زونل ہیڈ کراچی سینٹرل زون، بیمہ دار نذیر بٹ کو 3 لاکھ 15 ہزار روپے کا میچورٹی چیک دے رہے ہیں۔



حیدرآباد زون: سیلز منیجر کاشف اقبال بھرٹ، مرحوم بیمہ دار غلام سرور کے وارث محمد یاسین کو ڈیتھ کلیم چیک مبلغ 199,065 روپے دے رہے ہیں۔ ساتھ میں سیلز آفیسر منظور جمالی بھی نمایاں نظر آ رہے ہیں۔



سرگودھا زون: ایریا منیجر جناب احمد شاہ اور سیلز منیجر مسعود الٰہی محسن، بیمہ دار مرحوم رب نواز کی بیوہ کو مبلغ 205,000 روپے کا ڈیتھ کلیم چیک دے رہے ہیں۔ واضح رہے کہ مرحوم نے صرف ایک 5,000 روپے کی قسط ادا کی تھی۔

# تصویری خبرنامہ



فیصل آباد زون میں چیئرپرسن محترمہ نرگس گھلو، قائم مقام سیکٹر ہیڈ جناب محمد سرور کو کارپوریشن میں بطور ایریا منیجر نمایاں کارکردگی پر گلدستہ پیش کررہی ہیں۔ اس موقع پر زونل ہیڈ مارکیٹنگ جناب محسن عباس اور ریجنل چیف (فیصل آباد ریجنل) چوہدری محمد اعجاز بھی نمایاں ہیں۔



جناب اذکار خان، ایگزیکٹیو ڈائریکٹر فنانس پبلک انشورنس نئے دفتر کا افتتاح کر رہے ہیں۔
جناب گیان چند کیول رمانی، جنرل منیجر پبلک انشورنس بھی نمایاں ہیں۔



چیئرپرسن محترمہ نرگس گھلو فیصل آباد ریجن کے سیکٹر ہیڈ محمد شریف شاکر کو کارپوریشن میں اعلیٰ کارکردگی پر گلدستہ دے کر خراج تحسین پیش کررہی ہیں۔



کراچی سدرن زون کے اے جی ایم جناب محمد شاہد، سبکدوش زونل ہیڈ قاضی جاوید حفیظ کو گلدستہ پیش کر رہے ہیں۔ تصویر میں سیکٹر ہیڈ شیر ظفر خان و دیگر بھی نمایاں ہیں۔



گجرات زون میں تقریب کے دوران سیکٹر ہیڈ جناب حبیب الرحمٰن کو اعلیٰ کارکردگی پر پگڑی پہنا کر عزت افزائی کی جارہی ہے۔



آرٹس کونسل کراچی میں اسٹیٹ لائف ایمپلائز فیڈریشن نے ساجد عباسی کی قیادت میں ڈائریکٹر آرٹ کونسل جناب ندیم ظفر صدیقی سے ملاقات کی۔ اس موقع پر جناب ندیم ظفر صدیقی، غزل سنگر فرزانہ حقی کے ساتھ ساجد علی عباسی، چوہدری وقار حسین، سید مظفر عباس شاہ، میاں محمد رمضان، راجہ محمد سرور اور ممبر آرٹس کونسل سہیل اقبال خان کے ساتھ لیا گیا گروپ فوٹو



ریجنل چیف فیصل آباد جناب خالد محمود شاہد اور زونل ہیڈ جھنگ جناب اکبر مغل کا جھنگ کے دورے پر شرکا کے ساتھ گروپ فوٹو



زونل ہیڈ جناب اکبر مغل جھنگ زون کے دورے پر افسران کے ہمراہ۔

# CORPORATE SOCIAL RESPONSIBILTY (CSR) THE SOCIAL SIDE OF THE CORPORATION

CSR is broadly defined as 'A Company's sense of responsibility towards the community and environment (both ecological and social) in which it operates'. A more common approach to CSR is corporate philanthropy. This includes monetary donations and aid given to non-profit organizations and communities. Donations are made in areas such as the Arts, Education, Housing, Health, Social Welfare and the Environment among others, but excluding political contributions and commercial event sponsorship. The term CSR became popular in 1960.

CSR is based on the idea that corporate success and social welfare are interdependent. The business needs a healthy educated workforce, sustainable resources and adept government to compete effectively for society to thrive; profitable and competitive business must be developed and supported to create income, wealth, tax revenues and philanthropy. The link between competitive advantage and Corporate Social Responsibility provides examples of companies that have developed deep linkages between their business strategies and CSR.

Corporate Social Responsibility (CSR) is the duty of every corporate body to protect the interests of society at large. Even though the main motive of business is to earn profit, corporations should take initiatives for the welfare of society and should perform activities within the framework of environmental norms.

What's the key to winning over consumers today? Business experts will cite everything from a strong loyalty program to a personalized mobile shopping experience. These offerings are certainly important, but one thing that may tip the scales in favor of corporations is using profits to do good in the world. Corporate Social Responsibility is important for sustainability, competitiveness and innovation of enterprises. It brings benefits for risk management, cost saving, access to capital, customer relationships, HR management and corporate image building.

Corporations can become more socially responsible by following the law, integrating social, environmental, ethical, consumer and human rights' concerns into their business strategy and operations.

Report by
**Kamran Channa**
Manager/In-Charge (P&GS), Hyderabad Zone

## Ex Sub-Editor Tahaffuz, Mr. Azam Shakir, was given a warm farewell

In honor of Mr. Azam Shakir, Ex Sub-Editor Tahaffuz, a farewell event was held at the Principal Office to pay tribute to his efforts and contributions, where he was presented with bouquets and gifts for his years of service. On this occasion, Department Head CCD, Syed Ghulam Shabbir Shah, Mr. Muzaffer Ahmed (Ex-DGM), Mr. Basheer Ahmed Siddiqui, friends and colleagues shared memories of their time together with Mr. Azam and bid him a warm farewell.






Tabaffuz

May 2016

An in-house magazine of State Life Insurance Corporation of Pakistan (Only for Marketing Force)

# SEHAT SAHULAT PROGRAMME FOR KPK







